**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2012**

**Islamiyat Paper I**

**Time allowed: 30 minutes Marks 20**

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۃ الانفال آیت نمبر 51 تا 54 میں آلِ فرعون کا ذکر کیا گیا ہے ان کا سب سے بڑا گناہ کیا تھا؟

A۔ وہ آپس میں لڑا کرتے تھے

B۔ ان کی حکومت میں ظلم و جبر عام تھا

C۔ وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلاتے تھے

D۔ انھوں نے حضرت موسیٰؑ کو چیلنج کیا تھا

2۔ اسلام اور کفر کے اولین معرکے غزوہ بدر میں لشکر کفّار کی تعداد کتنی تھی؟

A۔ سات سو

B۔ ایک ہزار

C۔ بارہ سو

D۔ پندرہ سو

3۔ سورۃ الانفال آیت 47 اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ریا کاری سے منع فرمایا ہے۔ ریاکاری کس چیز کا نتیجہ ہے؟

A۔ بدنیتی کا

B۔ بزدلی کا

C۔ غرور کا

D۔ راہِ فرار کا

4۔ سورۃ الانفال آیت نمبر 2 کے مطابق مومن تو وہ ہیں کہ جب انھیں قرآن کی آیتیں سنائی جاتی ہیں تو وہ

A۔ انھیں حفظ کر لیتے ہیں۔

B۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند ہو جاتے ہیں۔

C۔ سُن کر خوش ہو جاتے ہیں۔

D۔ اپنے ایمان میں اضافہ پاتے ہیں۔

5۔ "اَلْاَنْفَالُ" سے کیا مراد ہے؟

A۔ محنت کا مال

B۔ دوسروں کا مال

C۔ غنیمت کا مال

D۔ خیرات کا مال

6۔ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰہِ وَ اَبْغَضَ لِلّٰہِ وَ اَعْطٰی لِلّٰہِ وَ مَنَعَ لِلّٰہِ فَقَدِ اسْتَکْمَلَ الْاِیْمَانَ

حدیث کے یہ الفاظ اشارہ کرتے ہیں کہ ہمارا ہر عمل صرف

A۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے ہو۔

B۔ سنّت کے مطابق ہو۔

C۔ فقہ کے مطابق ہو۔

D۔ انبیا کی تعلیمات کے مطابق ہو۔

7۔ اَلرَّاشِیْ وَ الْمُرْتَشِیْ کِلَاھُمَا فِی النَّارِ

اِس حدیث میں رشوت دینے اور لینے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اس سے معاشرے میں / سے

A۔ امن و امان خراب ہوتا ہے۔

B۔ ایمان داری اور سچائی اُٹھ جاتی ہے۔

C۔ حقوق تلف ہوتے ہیں۔

D۔ عدل و انصاف کا توازن بگڑ جاتا ہے۔

8۔ اِنَّ اَكْمَلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

اِس حدیث کی روشنی میں درج ذیل میں کون سا ایک مومن کے لیے تکمیل ایمان کا ذریعہ ہے؟

A۔ خوش اخلاقی

B۔ حلیمی اور عاجزی

C۔ فہم و فراست

D۔ تعلیم و تربیت

9۔ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اِس حدیث کے پیشِ نظر انسان اپنے مقام کو اس وقت صحیح طور پر جان سکتا جب وہ

A۔ نیک سیرت ہو۔

B۔ علم کے لیے کوشاں ہو۔

C۔ محنت و مشقّت کا عادی ہو۔

D۔ زکوٰۃ و خیرات میں آگے ہو۔

10۔ انسان گناہ اور نیکی میں فرق اس وقت تک محسوس نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ

A۔ کسی کتاب میں نہ پڑھے۔

B۔ کسی استاد سے نہ سنے۔

C۔ دین کی تعلیمات کو نہ جانے۔

D۔ ریاستی احکام پر عمل نہ کرے۔

11۔ قرآنِ مجید کا اعجاز کیا ہے؟

A۔ وہ تیئیس برسوں میں نازل ہوا۔

B۔ عربی زبان میں ہے۔

C۔ اس کے کئی زبانوں میں ترجمے ہوئے ہیں۔

D۔ بلا تحریف ہے۔

12۔ حضرت ابو بکر صدّیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے قرآنِ مجید کی تدوین کا اہم فریضہ کس کے سپرد کیا؟

A۔ حضرت زید بن حارث (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے

B۔ حضرت زید بن ثابت (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے

C۔ حضرت خالد بن ولید (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے

D۔ حضرت زبیر بن عوام (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے

13۔ عقیدۂ ختمِ نبوت کے ساتھ گہرا ربط کس کا ہے؟

A۔ اسوۂ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا

B۔ صحیفۂ ہدایت کا

C۔ تکمیلِ دین کا

D۔ دستورِ حیات کا

14۔ قرآنِ مجید کی اہمیت کا تقاضہ ہے کہ ہم

A۔ اسے عمدہ کپڑے میں تکریم سے رکھیں۔

B۔ اس کو زبانی یاد کریں۔

C۔ اس سے مختلف معاملات میں ہدایت لیں۔

D۔ صرف اپنی عبادات میں اسے پڑھیں۔

15۔ زکوٰۃ کے جو مصارف سورۃ توبہ کی آیت نمبر 60 میں بیان ہوئے ہیں ان میں 'قرض دار' کے لیے کیا لفظ استعمال ہوا ہے؟

A۔ مؤَلّفَةُ الْقُلُوْبُ

B۔ غارمین

C۔ ابنِ سبیل

D۔ فی الرّقاب

16۔ اسلام کی رُو سے جسمانی زندگی کے مقابلے میں ہماری روحانی زندگی

A۔ دائمی ہے۔

B۔ آخرت کی کھیتی ہے۔

C۔ بصیرت والی ہے۔

D۔ دنیاوی آزمائش ہے۔

17۔ سورۃ المائدہ، آیت 48 قرآنِ مجید کو کن کے لیے **مُھَیْمِن** یعنی نگہبان قرار دیا گیا ہے؟

A۔ فرشتوں کے لیے

B۔ پچھلی قوموں کے لیے

C۔ اہلِ جنّت کے لیے

D۔ سابقہ آسمانی کتابوں کے لیے

18۔ اِبنِ خلدون علم کے کس شعبے میں مشہور تھے؟

A۔ تاریخ

B۔ تفسیر

C۔ فلسفہ

D۔ فقہ

19۔ دورِ حاضر میں عالمِ اِسلام کا ایک بڑا مسئلہ درج ذیل میں کون سا ہے؟

A۔ معدنی دولت کی کمی

B۔ مذہبی علم کی کمی

C۔ میڈیا کے رہنما کی کمی

D۔ آپس کے اِختلافات

20۔ امام مسلم اور محمد بن یعقوب کلینی کا تعلق علومِ اسلامی کی کس شاخ سے تھا؟

A۔ تفسیر

B۔ حدیث

C۔ فقہ

D۔ تاریخ

اختتام